حیسکو پریس ریلیز مورخہ 10.10.2026

حیسکو چیف فیض اللہ ڈاہری کی رکن قومی اسمبلی نیلم کماری سے تعزیت، ساس کے انتقال پر اظہارِ افسوس۔ حیسکو ترجمان



حیدرآباد (پ ر): حیسکو ترجمان محمد صادق کبر کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری نے ٹنڈو جان محمد میں رکن قومی اسمبلی نیلم کماری کی رہائش گاہ پر آمد کے موقع پر ان کی ساس کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور سوگوار خاندان سے دلی تعزیت کی۔ انہوں نے مرحومہ کے لواحقین کے لیے صبرِ جمیل کی دعا کی۔ اس موقع پر رکن قومی اسمبلی نیلم کماری کے سسر کرشن کمار اور دیگر اہلِ خانہ بھی موجود تھے۔ حیسکو چیف فیض اللہ ڈاہری کے ہمراہ چیف انجینئر پلاننگ رمیش کمار، چیف انجینئر ٹی اینڈ جی امیر احمد میمن، ڈی جی میر اڈ عبدالماجد جتوئی، حیسکو ترجمان محمد صادق کبر، سپرنٹنڈنگ انجینئر میر پور خاص فرمان ڈاہانی، ولید اد چانڈیو، فراز اشرف اور ڈاکٹر فیض محمد ڈاہری بھی موجود تھے۔